© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**درودِ محمد بن قاسمؒ** | حکیم محمد سعید صاحب ۔ موسسِ مدینۃ الحکمت ۔ ہمدرد مرکز، ناظم آباد کراچی ۱۸

اب تک یہ حقیقت روشن ہو چکی ہے کہ حکیم محمد سعید صاحب اعجوبگیوں کا ایسا شاخسار ہیں جس سے حکمت و دانش کے نئے نئے غنچے اور پھول ظہور کرتے رہتے ہیں۔

ابھی لوگ ان کے ایک نہج کے کام کو پوری طرح اخذ نہیں کر پاتے ہوتے کہ وہ کسی دوسری نہج کا ایک انوکھا کارنامہ نکال کر سامنے رکھ دیتے ہیں۔

"مدینۃ الحکمت" کے متعلق کام کرتے کرتے ایک سوال ان کے دل میں اٹھا کہ یہ مقام شاید اسی گذرگاہ پر واقع ہے جہاں سے محمد بن قاسم کا قافلہ گذرا تھا اور باب الاسلام دیبل میں داخل ہوا تھا۔

اب انہوں نے بحثیں شروع کیں اور تاریخ و جغرافیہ کے عالموں سے خط و کتابت کا سلسلہ شروع کیا۔ کتابیں دیکھیں، دانشوروں سے معلومات اور نقشے حاصل کیے، کتابوں سے حوالے نکالے۔ ڈاکٹر این۔ اے بلوچ، ڈاکٹر اے۔ ایچ۔ دانی، ڈاکٹر مس لعل بہا، ڈاکٹر وحید قریشی، ڈاکٹر ریاض الاسلام، پروفیسر شیخ عبدالرشید، ڈاکٹر پی۔ ایچ۔ این، انگرمانٹ (لیڈن بلجیئم) سے آرا ابتدائی تحقیق کے سلسلے میں حاصل کیں۔ پھر باقاعدہ مجلسِ علما بلائی۔ پھر جب یہ فیصلہ ہو گیا کہ ٹھیک یہی مقام باب الاسلام میں محمد بن قاسم کے داخلے کا ہے تو ماہرین کی ایک کمیٹی اس تاریخی واقعہ کی یادگار (مینارِ اسلام اور دیگر ادارہ ہائے افادیت) کی تعمیر کے

© rasailojaraid.com